بلوچستان کا مقبول روزنامہ

Daily SABA-QTA

روزنامہ صباء کوئٹہ

ایڈیٹر غضنفر علی

Phone: 081-2830288
Email: saba6097595@gmail.com

ABC CERTIFIED

جلد نمبر 22 | بدھ 08 جولائی 2026 | 22 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 128

بلوچستان پاکستان کا مضبوط قلعہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کا انجام شکست گرفتاری یا ہلاکت ہے

سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ کا زیارت میں دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر اظہار اطمینان، سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو خراج تحسین، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائیاں کی جائیں گی، ان کے سہولت کاروں اور مالی معاونت کرنیوالے ہر عناصر کو بھی قانون کے کٹہرے میں لایا جائیگا

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف ٹائی ایریا میں کامیاب مشترکہ آپریشن پر بلوچستان پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کامیاب مشترکہ آپریشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کارروائی

بقیہ 1 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچ گئے

مانگی ڈیم، اقتصادی امن، امان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت، دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا عزم

زیارت (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ڈیم، اقتصادی امن، امان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت، دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا عزم زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچ گئے۔ زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا عزم کیا گیا ہے۔ شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ وزیراعلیٰ نے زیارت کراس دھرنا ختم، متاثرہ اہل کار کے لیے سہولت

بقیہ 2 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

گرغوستان، مصدر آصف علی زرداری غوستان جمہوریہ کے صدر صادر جباروف سے ملاقات کر رہے ہیں

زیارت (ٹی این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر

بقیہ 3 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت مزید 28 ریاستی اداروں کی نجکاری کے حوالے سے متحرک ہے، وزیر خزانہ

ٹیکس نظام میں انسانی رواداری کو ختم کرنا ہے، پاکستان میں سب کو معقول ٹیکس دینا ہوگا، بینکنگ سمٹ سے خطاب

گزشتہ مالی سال پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں 1 آئی پی او ہوئے، نئے سرمایہ کار بالخصوص مین زی اسٹاک مارکیٹ میں دلچسپی لے رہی ہے

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ نجکاری کمیشن کو مزید 28 ریاستی ادارے مختص کیے گئے ہیں، نجکاری کے حوالے سے حکومت متحرک ہے، پاکستان ٹیکس ایسوسی ایشن کے تحت پاکستان بینکنگ سمٹ 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کا اختتام مضبوط معاشی استحکام کے ساتھ ہوا، بڑی صنعت کی نمو کے سبب جی ڈی پی 3.7 فیصد ریکارڈ ہوئی، ترسیلات زر کے سبب کرنٹ اکاؤنٹ مالی سال 26ء میں مضبوط رہا، نئے خزانہ سٹیٹ بینک کا قیام

بقیہ 6 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

دالبندین کے قریب ٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، بی ایل اے کا مبینہ دہشتگرد ہلاک

لگاپ میں سیکیورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید جھڑپ، 6 سے 7 مبینہ دہشتگرد زخمی حالت میں فرار، سرچ آپریشن جاری

بڑی تخریبی کارروائی کا منصوبہ ناکام بنادیا، بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی، آئی ایس پی آر

دالبندین (یو این اے) دالبندین کے نواحی علاقے لگاپ میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلیجنس اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشتگرد کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو مبینہ دہشتگرد کی موجودگی کی اطلاع ملی، جس پر سرچ آپریشن کیا گیا۔ فائرنگ کے دوران ایک مبینہ دہشتگرد ہلاک ہوا جبکہ 6 سے 7 دیگر زخمی حالت میں فرار ہو گئے۔ علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد کا تعلق کالعدم بی ایل اے سے ہے، گرفتار دہشتگرد کو صوبے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، بند اوڈک حملے اور اس کے بعد پیدا ہونے والی سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، متاثرہ علاقوں کی فوری امداد اور دہشت گردی کے خلاف مربوط اور مؤثر حکمت عملی کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو بند اوڈک میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ علاقے میں صورتحال تشویشناک ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری، مؤثر اور فیصلہ کن

بقیہ 5 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

دالبندین کے قریب ٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، بی ایل اے کا مبینہ دہشتگرد ہلاک

لگاپ میں سیکیورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید جھڑپ، 6 سے 7 مبینہ دہشتگرد زخمی حالت میں فرار، سرچ آپریشن جاری

بڑی تخریبی کارروائی کا منصوبہ ناکام بنادیا، بلوچستان میں دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی، آئی ایس پی آر

دالبندین (یو این اے) دالبندین کے نواحی علاقے لگاپ میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلیجنس اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشتگرد کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو مبینہ دہشتگرد کی موجودگی کی اطلاع ملی، جس پر سرچ آپریشن کیا گیا۔ فائرنگ کے دوران ایک مبینہ دہشتگرد ہلاک ہوا جبکہ 6 سے 7 دیگر زخمی حالت میں فرار ہو گئے۔ علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد کا تعلق کالعدم بی ایل اے سے ہے، گرفتار دہشتگرد کو صوبے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، بند اوڈک حملے اور اس کے بعد پیدا ہونے والی سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، متاثرہ علاقوں کی فوری امداد اور دہشت گردی کے خلاف مربوط اور مؤثر حکمت عملی کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو بند اوڈک میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ علاقے میں صورتحال تشویشناک ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری، مؤثر اور فیصلہ کن

بقیہ 5 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کی زیارت میں پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت، شہدا کو خراج عقیدت

متعلقہ خوارج بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں، دہشتگردوں کے سدباب تک جنگ جاری رہے گی، وزیراعظم

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے زیارت میں قلعہ اللہ خوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے میں شہید ہونے والے دو لیویز اہلکاروں سمیت تمام پولیس

بقیہ 4 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر مملکت اور وزیراعظم کا لالک جان شہید کو خراج عقیدت

شہید لالک جان کی قربانی آئندہ نسلوں کے لئے جرات و عزم کی روشن مثال ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کارگل جنگ کے دوران وطن عزیز کی حفاظت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے خوالدار لالک جان شہید نشان حیدر کے یوم شہادت پر خراج عقیدت

بقیہ 10 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ دھمکیاں بند کریں ورنہ جواب دوسری زبان میں ملے گا، ایران کا سخت جواب

ٹرمپ پہلے بھی دھمکیوں دے چکے ہیں لیکن اس کا نتیجہ امریکا کے لیے ناکامی ہی نکلا، محمد باقر ذوالقدر

تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تازہ دھمکی پر ایران نے بھی سخت ردعمل دیا ہے جس سے فریقین کے درمیان ایک بار پھر تشفی

بقیہ 12 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

11 جولائی کو امریکا ایران مذاکرات پاکستان میں ہونگے، ٹرمپ کی پاکستان آمد کا امکان موجود ہے، ساجد تارڑ

11 جولائی کو ٹرمپ کی آمد کے دنوں میں کانفرنس کا انعقاد ممکن، پاکستان کا مضبوط امکان موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سابق مشیر ساجد تارڑ نے کہا ہے کہ 11 جولائی کو ایران امریکہ مذاکرات اسلام آباد میں ہونے کے حوالے سے خبر تصدیق شدہ ہے، میں اس ویک اینڈ پر پاکستان مارشل لا کو لگانے کے ساتھ ساتھ

بقیہ 11 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

کے پی، دہشتگردی سے متاثرہ افلیتی خاندانوں کیلئے 12 کروڑ 60 لاکھ کا چیک منظور

بجلی بل بقایہ 12 خاندانوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں 16 مستحق افراد اور خاندانوں کے لیے مالی امداد کی منظوری دی گئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے دہشت گردی سے متاثرہ اقلیتی خاندانوں کی مالی معاونت کے لیے 12 کروڑ 60 لاکھ روپے کی امدادی چیک کی منظوری دے دی۔ یہ فیصلہ وزیر اوقاف و مذہبی امور صاحبزادہ محمد عزیز الرحمان کی زیر

بقیہ 13 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

نیوٹسٹ سے ایک دن قبل روس کے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر حملے، 24 افراد ہلاک

صبح کے وقت کیے گئے حملے میں کیف کے ڈولنسکی ضلع میں ایک کثیر منزلہ رہائشی عمارت میں گرا، گزشتہ ماہ یوکرینی حکام

ماسکو (این این آئی) روس کی جانب سے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر میزائل حملے کے نتیجے میں مزید 24 افراد ہلاک جبکہ 100 سے زائد زخمی ہوگئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق روس نے مسلسل دوسرے ہفتے کیف میں رہائشی عمارتوں کو میزائلوں

بقیہ 15 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر برائے سیکرٹریٹ ایجنسیز ماسٹر عبدالرحمٰن کے ساتھ ہوا کے جھکے میں زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

دہشتگرد عناصر کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی

شہباز شریف

ہنہ اوڈک حملے کے بعد گورنر بلوچستان کا وزیراعظم شہباز شریف سے ہنگامی رابطہ، امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی مشاورت، متاثرہ علاقوں میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، فوری ریلیف اور دہشتگردی کیخلاف مشترکہ حکمت عملی مزید مؤثر بنانے پر اتفاق

دہشت گردی اور امن دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور وفاق و صوبے کے درمیان مضبوط تعاون ہی صوبے میں دیرپا امن، استحکام اور ترقی کی ضمانت بن سکتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں ہنہ اوڈک کے دہشت گرد حملے کے بعد گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے صوبے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، ہنہ اوڈک حملے اور اس کے بعد پیدا ہونے والی سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے صوبے میں امن و استحکام کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، متاثرہ خاندانوں کی فوری امداد اور دہشت گردی کے خلاف مربوط اور مؤثر حکمت عملی کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو ہنہ اوڈک میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ علاقے میں صورتحال تشویشناک ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری، مؤثر اور فیصلہ کن

بقیہ 5 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

ہنہ اوڈک واقعہ بڑا دل خراش اور حکومت کیلئے بڑا چیلنج ہے، گورنر بلوچستان

وفاق سے رابطہ ہوا ہے، وزیراعلیٰ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے کوششیں کر رہے ہیں، جعفر مندوخیل کی میڈیا سے گفتگو

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ایک بڑا صوبہ ہے، جس کی وجہ سے مشکلات بھی ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز امن و امان کی بہتری کیلئے مسلسل قربانیاں دے رہی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہنہ اوڈک واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہنہ اوڈک کا واقعہ انتہائی دل خراش ہے اور حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میتوں اور زخمیوں سے انہوں نے ملاقات کی ہے، جن کے مطابق تمام تر دہشت یافتہ تھے۔ گورنر بلوچستان کا کہنا تھا کہ یہ ایک بڑا واقعہ ہے

بقیہ 17 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

مطالبات کی منظوری اور ذمہ داران کیخلاف کارروائی تک دھرنا، احتجاج اور شہدا کی تدفین سے انکار جاری رہے گا، لواحقین

کوئٹہ (این این آئی) سانحہ ہنہ اوڈک کے خلاف کوئٹہ میں احتجاج میں مزید شدت آ گئی ہے۔ شہدا کے لواحقین کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری رہا، جبکہ مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار برقرار رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار برقرار رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 18 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

ایس ایم ایز کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بنیادی بنیادوں پر اقدامات ضروری ہیں، وزیراعظم

ایس ایم ایز کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بنیادی بنیادوں پر اقدامات ضروری ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں (ایس ایم ایز) کو قرضوں کی فراہمی میں سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کی ترقی

بقیہ 19 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

خواجہ آصف کی گروپ کیپٹن عاصم کی شہادت پر فتنہ الخوارج کے پروپیگنڈا پر تنقید

گروپ کیپٹن عاصم طارق کے ایک بہادر قیمتی کی ذمہ داری طالبان قبول کر رہے ہیں، ان کا کوئی اعتبار نہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے گروپ کیپٹن عاصم کی شہادت پر جھوٹے پروپیگنڈے پر سخت تنقید کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے فتنہ الخوارج کا دعویٰ ہے بنیاد فرار

بقیہ 20 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

زیارت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی زیارت کراس دھرنا کے مظاہرین سے خطاب کر رہے ہیں

مریم نواز سے ایم پی ایز کی ملاقات، عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

ارکان صوبائی اسمبلی کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو تعمیر سرپلس بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سے ارکان صوبائی اسمبلی میاں شاہد حسین خان اور محمد عون چیانگ نے ملاقات کی جس میں عوامی مسائل کے حل، امن و امان کی صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبائی وزیراعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں، حلقے کے مسائل اور مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی، کابینہ سانحہ میں رکن

بقیہ 22 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

کراچی میں دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام، بی ایل اے کے 2 دہشتگرد گرفتار

گرفتار دہشت گردوں میں مجاہد بلوچ اور نیو عرف ڈاکٹر شامل، ملزمان نے ریکی اور کیمیکلز کی ٹیکنگ حاصل کی ہوئی ہے، ویسٹ

کراچی (این این آئی) کراچی میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام ہو گیا جب کہ کاشفہ نیوز ڈسپاچ ٹیم نے کارروائی میں 2 دہشت گرد گرفتار کر لیے۔ بی ڈی کے مطابق گرفتار دہشت گردوں کا تعلق کالعدم بی ایل اے سے ہے، گرفتار دہشت گردوں میں مجاہد بلوچ اور فرید بلوچ عرف ڈاکٹر بن شامل ہیں، ملزمان (BLA) کے کیمپس

بقیہ 23 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کی قید تنہائی، جیل میں خلاف قانون سلوک کے سنگین الزامات نظر انداز نہیں کر سکتے، عدالت

پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی کی قید تنہائی متعلق چیرمین ایڈیشنل سیشن جج تحصیل، رپورٹ پیش کریں، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کے خلاف دخواستوں پر اپنے تحریری حکم جاری کر دیا، کہ قید تنہائی اور جیل میں خلاف قانون سلوک کے سنگین الزامات نظر انداز نہیں کر سکتے، جسٹس عامر حسین سومرو نے علیمہ خانم اور مشعر بانیکا کی دخواستوں پر 10 صفحات کا تحریری حکم جاری کر دیا، کہ قید تنہائی اور جیل میں خلاف قانون سلوک کے

بقیہ 25 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت جدید علمی سہولیات اور عالمی معیار کے اداروں سے شراکت داری کیلئے پرعزم ہے، احسن اقبال

وزیراعظم کے وژن کے تحت جناح میڈیکل کمپلیکس کو خطے کا معتبر طبی مرکز بنایا جائے گا، وفاقی وزیر کا تعزیت سے خطاب

شکاگو (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت جدید علمی سہولیات اور عالمی معیار کے طبی تعلیمی اداروں سے شراکت داری کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت جناح میڈیکل کمپلیکس کو خطے کا معتبر طبی مرکز بنایا جائے گا۔ دو روزہ نیوز آف انٹرنیشنل شکاگو

بقیہ 8 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

سانحہ ہنہ اوڈک، احتجاج میں شدت، شہدا کے ورثا کا تیسرے روز جاری

تیسرے روز بھی جاری مطالبات منظور نہ ہونے تک بلوچستان بھر میں احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے کا

کوئٹہ (یو این اے) سانحہ ہنہ اوڈک کے خلاف احتجاج میں مزید شدت آ گئی ہے۔ شہدا کے ورثا کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری ہے جبکہ مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار برقرار رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب احتجاج کو صوبہ بھر تک وسعت دینے کا اعلان کرتے ہوئے شہدا کے ورثا نے آج دوپہر ایک بجے سے کوئٹہ اور اندرون بلوچستان کی اہم قومی شاہراہوں اور ذیلی راستوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شہدا کے ورثا نے مطالبات پورے

بقیہ 16 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

زیارت پولیس چوکی پر مسلح افراد کا حملہ 9 اہلکار شہید 15 دہشتگرد مارے گئے

اغوا سے متعلق اطلاعات کی سرکاری سطح پر تاحال باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی، تاہم سیکیورٹی ادارے مختلف ذرائع سے معلومات اکٹھی کر رہے ہیں

دہشتگردوں نے مسلح بندی کے تحت پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنایا، جس کے بعد پولیس کی جانب سے بھرپور جوابی کارروائی کی گئی۔ دونوں جانب سے شدید فائرنگ کا تبادلہ رات بھر جاری رہا اور پورا علاقہ میدان جنگ بنا رہا

زیارت / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع زیارت میں دہشتگردوں کے مسلح بندی کے تحت پولیس چوکی پر حملہ کر دیا گیا جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے اہل ایچ ایس ایف کے دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور سیکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے والے جوانوں کی قربانیاں قابل فخر ہیں، دہشتگردوں کے سدباب تک جنگ جاری رہے گی، وزیراعظم

بقیہ 4 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

سانحہ ہنہ اوڈک کے شہدا کے ورثا کا کوئٹہ سیت صوبے کی تمام داخلی شاہراہیں بند کرنے کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) سانحہ ہنہ اوڈک کے شہدا کے لواحقین نے کوئٹہ اور اندرون صوبہ کی تمام داخلی و خارجی شاہراہیں بند کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ قبائلی رہنما سردار کریم یاسینی کے مطابق آج دوپہر ایک بجے بلیلی کے مقام پر کوئٹہ کے تمام اسٹری پائنٹس کو بند کر کے ٹریک کیا جائے گی جبکہ زیارت کراس کے مقام پر پہلے ہی قومی شاہراہ بلاک ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پشین اور چمن سمیت صوبے کے تمام اہم

بقیہ 21 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

زیارت کراس پر دھرنا جاری، مظاہرین نے انتظامیہ کی اپیل مسترد کر دی

زیارت (یو این اے) زیارت کراس پر جاری دھرنے کے شریک نے پی ڈی کشمنر پشین اور پولیس

بقیہ 40 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

خانوں کی جان بچاتے ہوئے شہادت پانے والے گروپ کیپٹن عاصم پوری قوم کے ہیرو ہیں، ڈپٹی اٹھکر بلوچستان

شہید کی جرات، فرض شناسی اور ایثار رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا، اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی اٹھکر بلوچستان اسمٰعیل خزالہ گولہ نے خانوں کی جان بچاتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے گروپ کیپٹن عاصم کو پوری قوم کا ہیرو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی بے مثال جرات، فرض شناسی، ایثار اور وطن سے محبت

بقیہ 39 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، کثیر جہتی اقدامات میں پاکستان کی جاری شمولیت کا جائزہ لیا گیا

مختلف بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کے اصولی موقف کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں، اتحاد، وزارت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے متعلقہ کثیر جہتی اقدامات میں پاکستان کی جاری شمولیت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ منگل کو وفاقی خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں نائب

بقیہ 33 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

پندرہ دنوں میں رجسٹرڈ عازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی

1 ہزار 880 عازمین نے گھر بیٹھے حج رجسٹریشن مکمل کی، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ پندرہ دنوں میں رجسٹرڈ عازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے، گزشتہ روز 12 ہزار 880 عازمین نے گھر بیٹھے حج رجسٹریشن مکمل کی۔ منگل کو وزارت مذہبی امور کے ترجمان عمر بت کے

بقیہ 31 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

کارگل جنگ کے ہیرو حوالدار لالک جان کا 27 واں یوم شہادت منایا گیا

شہید کے مزار پر پروقار تقریب، پاک کے چاک پر ہونے والے سلامی پیش، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی گئی

راولپنڈی (این این آئی) کارگل جنگ کے ہیرو حوالدار لالک جان کا منگل کو 27 واں یوم شہادت منایا گیا، لالک جان شہید نے کارگل میں وطن پر دشمن کے خلاف لڑتے ہوئے بے مثال بہادری سے لالک جان شہید کو نشان حیدر دیا، حوالدار لالک جان شہید کی 27 ویں برسی کے موقع پر شہید کے مزار پر پروقار تقریب

بقیہ 28 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ کا ریپا کیسٹیلی ٹو پر ڈیلیک تصور خیر فعالیت، امتیازی رویے اور جبر کا شکار ہو چکا ہے، عاصم افتخار احمد

آئندہ نسلوں کو محفوظ بنایا جا سکتا ہے، کیپٹر جہتی قانون، انصاف اور احتساب پر عالمی اتفاق کیا جا سکتا ہے، پاکستانی سفیر

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کو بتایا کہ ریپا کیسٹیلی ٹو پر ڈیلیک (آر ٹو پی) جسے اقوام متحدہ کا 200 سے زائد ایجنڈا ظالم اور بڑے بچانے پر ہونے والے جرائم کی روک تھام کے لیے ایک عالمی اصول کے طور پر اپنایا تھا، اکثر غیر فعالیت، انکار، امتیازی رویے اور نیصلہ سازی میں جمود کا شکار ہو جاتا ہے۔ اقوام متحدہ میں

بقیہ 29 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے سیکرٹ تقب پاکستان، مسٹر ایران الدین عزیز کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

شہدا کی تدفین سے انکار، وکلا کی مکمل ہڑتال، حکومت سے مذاکرات نہ ہونے پر تشویش

مطالبات کی منظوری اور ذمہ داران کیخلاف کارروائی تک دھرنا، احتجاج اور شہدا کی تدفین سے انکار جاری رہے گا، لواحقین

کوئٹہ (این این آئی) سانحہ ہنہ اوڈک کے خلاف کوئٹہ میں احتجاج میں مزید شدت آ گئی ہے۔ شہدا کے لواحقین کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری رہا، جبکہ مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار برقرار رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 18 صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

ایس ایم ایز کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بنیادی بنیادوں پر اقدامات ضروری ہیں، وزیراعظم

ایس ایم ایز کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے بنیادی بنیادوں پر اقدامات ضروری ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں (ایس ایم ایز) کو قرضوں کی فراہمی میں سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز کی ترقی

بق

روزنامہ صباء کوئٹہ
Daily SABA Quetta
صفحہ نمبر 04

وفاقی وزیر کا پیٹرول پر 80 ڈیزل پر 70 روپے لیوی وصول کرنے کا اعتراف

اخراجات یا تو لیوی سے پورے ہوتے ہیں یا پھر مہنگائی کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے، گیس کمپنیوں کی نجکاری کی تیاری ہے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت پیٹرول پر تقریباً 80 اور ڈیزل پر 70 روپے لیوی وصول کر رہی ہے جبکہ یوٹیلٹی کمپنی سے متعلق آمدن کا تخمینہ بڑھا دیت کرنا ہوگا کیونکہ اخراجات یا تو لیوی سے پورے ہوتے ہیں یا پھر مہنگائی کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ مشکل کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس مصطفیٰ کھوکھر کی زیر صدارت ہوا جہاں وفاقی وزیر پیٹرولیم بھی پرویز ملک نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی پیٹرول کی ضرورت کا 70 فیصد درآمد کرتا ہے، عالمی مارکیٹ میں ریفائن شدہ مصنوعات اب بھی مہنگی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خام تیل سستا ہونے سے پیٹرول لازمی سستا نہیں ہوتا، اوگرا اشٹاف فارمولے کے تحت قیمتوں کا تعین کرتی ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی میں مسلسل بڑھ رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ جنگ کے دوران اشٹورنس اور خرید اخراجات کئی گنا بڑھ گئے، بحران کے دوران ملک میں ایک دن بھی ایندھن کی قلت نہیں ہوئی، پیٹرولیم لیوی کی رقم وفاقی خزانے میں جاتی ہے، حکومت قیمتوں کے نظام میں مزید شفافیت

بقیہ 41 نمبر صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو اور جہانگیر شاہ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا مرکزی و صوبائی ایگزیکٹوز کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بارکھان، کھد چوکی کے قریب ڈیرہ غازی خان جانیوالی گاڑی مسلح افراد مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر چھین کر فرار

واردات کے بعد علاقے میں خوف وہراس، انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے موقع پر پہنچ گئے

بارکھان (یو این اے) بارکھان میں کھد چوکی کے مقام پر ڈیرہ غازی خان جانے والی ایک گاڑی نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر چھین لی اور فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق واردات کی اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور شواہد اکٹھے کر کے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ گاڑی چھیننے میں ملوث ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائی جاری ہے، جبکہ واقعے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ مزید تحقیقات کے بعد ہی واقعے کی مکمل نوعیت اور تفصیلات سامنے آسکیں گی۔

زیارت آپریشن: وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ (یو این اے) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے تھلیٹ زیارت میں فتنہ الخوارج کے خلاف پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن کو سراہتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی فورسز صوبے میں امن وامان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح مستعد اور برسرِ عمل ہیں۔ اپنے ایک بیان میں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ زیارت میں ہونے والی کامیاب آپریشن دہشت گرد عناصر کے خلاف ریاستی اداروں کی مضبوط عسکری حکمت عملی اور سخت کارروائیوں کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملک دشمن عناصر کے خلاف نبرد آزما ہیں۔

بارکھان اور کھڈی میں آنے کا بحران گھمبیر، قیمتیں 135 روپے فی کلو تک پہنچ گئیں

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان اور کھڈی میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے، جبکہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے شہریوں، خصوصاً متوسط اور دیہاڑی دار طبقے کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ مہنگائی کی لہر کے باعث عام شہری اپنی روزمرہ ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ متعلقہ مارکیٹوں میں آٹے کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چند روز قبل تک 80 سے 90 روپے فی کلو فروخت ہونے والا آٹا اب 130 سے 135 روپے فی کلو تک پہنچ چکا ہے، جبکہ 40 کلوگرام آٹے کا تھیلا 5 ہزار 300 سے 5 ہزار 500 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ قیمتوں میں اس غیر معمولی اضافے نے شہریوں کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے باعث آٹے کی قیمتیں بے قابو ہو چکی ہیں۔

گوادر، پانوان اور گنزر کے درمیان سے 5 افراد کی لاشیں برآمد

دو متعلقین کی شناخت شاہ بخش اور بریج عیسیٰ کے نام سے ہوگئی، 3 لاشوں کی شناخت تاحال باقی، پولیس تفتیش جیونی کے علاقے روہار سے بتایا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دیگر تین افراد کی شناخت تاحال نہیں ہوسکی، جبکہ نامعلوم افراد کی لاشیں شناخت کے لیے سول اسپتال جیونی میں موجود ہیں۔ پولیس واقعے کی مزید تحقیقات اور متعلقین کی شناخت کے لیے کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔

گوادر (یو این اے) گوادر کے علاقے پانوان اور گنزر کے درمیان پانچ افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جنہیں ضروری قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال جیونی منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق برآمد ہونے والی پانچ لاشوں میں سے دو افراد کی شناخت شاہ بخش اور بریج عیسیٰ کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ دونوں کا تعلق

بلوچستان کا امن سبوتاژ نہیں کرسکتے، جمال شاہ کاکڑ

بدامنی اور زیارت کے واقعات ناقابل برداشت، دہشتگرد بلوچستان کا امن سبوتاژ نہیں کرسکتے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان سکیم ایک (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور کور کمیٹی کے رکن جمال شاہ کاکڑ نے بدامنی اور زیارت کے واقعات پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران پولیس اہلکاروں کی شہادت کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائیاں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت دشمن کارروائی ہے۔ منگل کے روز کوئٹہ میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کی زمین اور وطن کی سلامتی سمیت تحفظ کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف سے مسلسل رابطہ میں ہیں۔

گورنر بلوچستان کا نیو ٹرما سینٹر کا دورہ، حالیہ بند اوڈک حملے میں زخمیوں کی خیریت دریافت کی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل نے نیو ٹرما سینٹر اچیلی روڈ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ بند اوڈک میں ہونے والے دہشت گرد حملے میں زخمی ہونے والوں کی خیریت دریافت کی اور انتظامی کام کو فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت عاصم کرد گیلو بھی ہمراہ تھے۔ گورنر مندوخیل نے فرنٹ لائن وارڈ کے پاس کے اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی بہتر علاج معالجہ کی ہدایت کی اور کہا کہ بند اوڈک ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، جہاں پر امن شہری اور سیاح دونوں عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ حالیہ بصیر خان بارکزئی نے کہا کہ بند اوڈک ایک اہم تفریح گاہ ہے، جہاں پر امنی پھیلا کر انتشار، انتہا اور تصادم کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات بلوچستان کے امن، انتظام اور عوامی ہم آہنگی کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں۔

زیارت میں پولیس چوکی پر دہشتگرد حملہ ملک دشمن عناصر کی منصوبہ سازش ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیارت میں پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے محنتی اور بہادر اہلکاروں کو نشانہ بنانا ملک دشمن عناصر کی منصوبہ بند سازش ہے، دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، شہدا قومی فخر ہیں اور قوم کے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی بہادری اور بے مثال قربانیاں قوم کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔

ہند اوڈک اور زیارت واقعات قابل مذمت ہیں، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر جعفر مندوخیل و بلوچ تربیت نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی شہادت پر ہم گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ زیارت میں پولیس چوکی پر دہشتگرد حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے، دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، شہدا قومی فخر ہیں اور قوم کے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔

رکھنی پل گلی میں علی الصبح ڈکیتی، مسلح ڈاکو شہریوں سے نقدی اور موبائل فون لوٹ کر فرار

علاقہ مکین کا عزمان کی فوری گرفتاری اور علاقے میں سیکیورٹی سخت کرنے کا مطالبہ

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان کے شہر رکھنی کے علاقے گل گلی میں علی الصبح نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی واردات کے دوران شہریوں سے نقدی اور موبائل فون چھین لیے اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ متاثرہ شہریوں نے پولیس اور محکمہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے لوٹا گیا سامان برآمد کیا جائے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے سیکیورٹی مزید بڑھائی جائے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبدالله بادینی ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران سپریم لیڈر تجلی خامنہ ای کی مسلسل عدم موجودگی پر تیاں آرائیاں، عوام میں سیکیورٹی خدشات بڑھ گئے

رہبر اعلیٰ کی عوامی تقریبات میں عدم شرکت کی وجہ ان کی جان کو لاحق مسلسل سیکیورٹی خطرات ہیں، ایرانی حکام

تہران (این این آئی) ایران کے سابق رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای شہید کی نماز جنازہ اور تدفین کی تقریبات میں لاکھوں افراد نے شرکت کی جبکہ متعدد ممالک کے صدور، وزرائے اعظم، وزرائے خارجہ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود رہے، تاہم ان تقریبات میں موجود رہبر اعلیٰ تجلی خامنہ ای کی عدم موجودگی نے عوام اور بیرون ملک تجسس پیدا کر دیا ہے۔ یہ تجلی خامنہ ای گزشتہ فروری کے آخر میں اسرائیلی فضائی حملے کے بعد سے منظر عام پر نہیں آئے، اس حملے میں ان کے والد علی خامنہ ای، اہلیہ زہرا حداد عادلی اور خاندان کے دیگر افراد شہید ہوئے تھے، جبکہ تجلی خامنہ ای کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات سامنے آئی تھیں۔ ایرانی حکام کے مطابق رہبر اعلیٰ کی عوامی تقریبات میں عدم شرکت کی وجہات ان کی جان کو لاحق مسلسل سیکیورٹی خطرات ہیں، تاہم تجلی خامنہ ای کے دیگر اہم سربراہوں، اعلیٰ حکومتی شخصیات اور عہدیداروں کی موجودگی نے عوامی حلقوں میں یہ سوالات اٹھائے ہیں کہ آیا تجلی خامنہ ای کی صحت اور سیکیورٹی کی صورت حال سرکاری مقامات سے زیادہ سنگین تو نہیں؟۔

اوستہ محمد کے انتخاب میں مریم نیمن عمرانی کی دارالنمبر 23 پر بھرپور حمایت کرینگے، جمعیت گنداہ

جمعیت علماء اسلام ایک ملک گیر نظریاتی اور جمہوری جماعت ہے، کارکن جماعت کا قیمتی سرمایہ ہیں، مولانا اللہ نتھانی

گنداہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام سمیل کنداہ کے امیر مولانا اللہ نتھانی، تحصیل سیکرٹری حافظ سلطان احمد سلطانی، مجلس عاملہ، تحصیل شوریٰ، عمومی اراکین اور تمام یونٹوں کے ذمہ داران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام میڈیکل کارپوریشن اوستہ محمد کے وارڈ نمبر 23 کے عملی انتخاب میں اپنے امیدوار، جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر مہر خان عمرانی کی بھرپور حمایت کرے گی اور انتخابی مہم سے لے کر پولنگ کے دن تک جماعتی کارکن مکمل جوش و جذبے کے ساتھ انتخابی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک ملک گیر نظریاتی، مذہبی اور جمہوری جماعت ہے جس کی عوامی خدمت، سیاسی جدوجہد اور تنظیمی کارنامے ڈھنڈھورا پیٹ رہے ہیں، اہل علاقہ اور تمام شہریوں کو جمعیت علماء اسلام کے امیدوار کو بھرپور ووٹ دیکر کامیاب کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے امیدوار کو کامیاب کرنا علاقے کی عوام کی خدمت، سیاسی شعور اور جمہوری اقدار کی پاسداری کا عملی ثبوت

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: (081-2830266
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

پاکستان اور کرغزستان کا فعال سیاسی ڈائیلاگ برقرار

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹیز اور حلال انڈسٹری کے معیارات جانچنے والے اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ صدر آصف علی زرداری اور کرغزستان کے صدر سادیر جباروف کی ملاقات کے بعد جاری مشترکہ اعلامیہ کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے کرغزستان کی حکومت اور عوام کا پرجوش مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا جبکہ کرغز صدر سادیر جباروف نے دورہ پاکستان کی دعوت قبول کر لی۔ جاری مشترکہ اعلامیہ کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے 6 سے 9 جولائی 2026 تک کرغزستان کا سرکاری دورہ کیا جس مین دونوں رہنماؤں کی ملاقات ہوئی ۔ملاقات میں پاک کرغز وزراء اور متعلقہ اداروں کو تجارتی اور کاروباری روابط بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کی گئی اور پاک کرغز تعلقات میں مسلسل استحکام پر دونوں صدور کا اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں دسمبر 2025 میں کرغز صدر کے دورہ پاکستان کے دوران ہونے والے معاہدوں پر عملدرآمد کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں ممالک کے درمیان فعال سیاسی ڈائیلاگ برقرار رکھنے اور پارلیمانی تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری قائم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، ٹیکنالوجی، مائننگ اور حلال انڈسٹری میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ۔ملاقات میں مشترکہ ورکنگ گروپس اور پاک کرغز بین الحکومتی کمیشن کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ دونوں ممالک کے چیمبرز آف کامرس اور تجارتی برادری کے درمیان براہ راست روابط کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔ توانائی کے شعبے میں تعاون اور وسطی و جنوبی ایشیا کو جوڑنے والے "کاسا 1000 منصوبے کی جلد تکمیل پر زور دیا گیا۔ ہیلتھ کیئر، فارماسیوٹیکل اور میڈیکل ایجوکیشن کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا ۔ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹیز اور حلال انڈسٹری کے معیارات جانچنے والے اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وسطی اور جنوبی ایشیا کے درمیان ٹرانسپورٹ روابط، لاجسٹکس اور ٹرانزٹ معاہدوں کے عملی نفاذ پر زور دیا گیا۔ پاکستان کی بندرگاہوں کے مؤثر استعمال اور بین الاقوامی ٹرانسپورٹ راہداریوں کے فروغ کے لیے مشترکہ کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ تعلیم، سائنس، ثقافت، سیاحت اور پبلک ہیلتھ کے شعبوں میں عوامی روابط مضبوط بنانے کا عزم کیا گیا۔۔۔

کالعدم ایکشن کمیٹی اور 9 جولائی کی کال

آزاد کشمیر کی کالعدم ایکشن کمیٹی کی پانچ جولائی کی متظفر ا?باد لانگ مارچ کی کال ایک دفعہ پھر ناکام ہوگئی ہے۔ اور کالعدم ایکشن کمیٹی کا دھرنا راولا کوٹ سے باہر نہیں نکل سکا ہے۔ یہ پوچھی دفعہ ہے کہ متظفر ا?باد لانگ مارچ کی کال دی گئی ہے۔ اور ناکام ہوگئی ہے۔ چاروں دفعہ

مزمل سہروردی

ناکامی کی ایک ہی وجہ ہے کہ لوگ نہیں ا?ئے۔ جب لوگ باہر نہیں ا?تے تو دھرنا راولا کوٹ تک محدود رکھنا ان کی مجبوری بن جاتی ہے۔ اب کالعدم ایکشن کمیٹی کی جانب سے نو جولائی کی دوبارہ کال دی گئی ہے۔

اعلان کیا گیا ہے کہ نو جولائی کے پروگرام کا اعلان ا?ٹھ جولائی کو کیا جائے گا۔ سب کو علم ہے دوبارہ متظفر ا?باد جانے کی ہی کال دی جائے گی۔ کالعدم ایکشن کمیٹی کے دو ہی ہتھیار ہیں۔ پہلا متظفر ا?باد پہنچ کر اقتدار کے ایوانوں پر قبضہ کر لیا جائے۔ جیسے تحریک انصاف بھی ماضی میں کوشش کرتی رہی ہے۔ دوسرا پاکستان اور ا?زاد کشمیر کے درمیان جو راستے ہیں انھیں بند کر دیا جائے۔ ان کا بنیادی نعرہ ماضی میں یہی رہا ہے کہ بند کر دو، سب کچھ بند کر دو۔ ماضی کے دو دھرنوں میں یہ کوہالہ کے پل پر پہنچ کر کوہالہ کا پل بند کر دیتے رہے ہیں۔ لیکن اس بار انھیں راستے بند کرنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی۔

بلکہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ یہ راستے بند کرنے میں بھی ناکام رہے ہیں۔ اس لیے نو جولائی کو یہ متظفر ا?باد جانے اور راستے بند کرنے کی ہی کوشش کریں گے۔ لیکن انھیں اندازہ ہے کہ اس بار قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایسی حکمت عملی ترتیب دی ہوئی ہے کہ اب تک ایک ماہ میں ان کے یہ دو مقاصد ناکام ہی رہے ہیں۔ پانچ جولائی کو بھی یہ اس میں ناکام رہے ہیں اور نو جولائی کو بھی یہ اس کی کوشش کریں گے۔ ایک اور کوشش جس میں کالعدم ایکشن کمیٹی ناکام رہی ہے، وہ لاشوں کی سیاست ہے۔ انھوں نے بہت کوشش کی ہے کہ انھیں لاشیں مل جائیں اور وہ لاشوں کی سیاست کر سکیں۔

تصادم کا بہت ماحول بنایا گیا ہے۔ لیکن قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے فی الحال ایک مرطوب حکمت عملی کے تحت ان کی یہ کوشش ناکام بنائی ہے۔ وہ ایک ماہ سے راولا کوٹ بیٹھے ہیں، انھیں وہاں بیٹھنے دیا گیا ہے۔ کوئی بڑا ایکشن نہیں کیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے تصادم نہیں ہو سکا ہے۔ تاہم راولا کوٹ میں انھوں نے جو دھرنا دیا ہوا ہے اسے بھی روکا نہیں جا رہا ہے۔ ایک ڈیڈ لاک ہے جو کالعدم ایکشن کمیٹی کو اب اپنے لیے بہت نقصان دہ محسوس ہو رہا ہے۔ انھیں اندازہ ہو گیا ہے کہ وہ اب لمبے عرصہ تک راولا کوٹ بیٹھ نہیں سکتے۔ انھیں اندازہ ہو گیا ہے کہ ان کو اب حکومت سے کوئی ڈیل نہیں مل رہی۔ حکومت کی سادہ پالیسی ہے کہ کوئی بات ہی نہیں کرنی۔ اب ان کے جو مطالبات ہیں ان پر بات ہی نہیں ہو سکتی۔

اس لیے ان کے لیے ایک ہی راستہ ہے کہ یہ گھر ہی ا?رام سے گھر چلے جائیں۔ دوسری طرف تنظیم کالعدم ہو چکی ہے، مقدمات بحال ہو چکے ہیں، قیادت پر انعام ہے۔ سب کھیل خراب ہو چکا ہے۔ اس لیے وہ خالی ہاتھ گھر نہیں جانا چاہتے۔ انھیں گھر جانے کے لیے کم از کم ایک این ا?ر او چاہیے، جو انھیں ہر بار ا?سانی سے مل جاتا تھا۔ لیکن اس بار نہیں مل رہا ہے۔ این ا?ر او تو ہر بار میز پر موجود رہا تھا، اس بار نہیں ہے۔ ایسی اطلاعات ہیں کہ موجودہ صورتحال میں نو جولائی کو کالعدم ایکشن کمیٹی کی جانب سے لاشوں کی سیاست کی تیاری کی جا رہی ہے، انھیں اب لاشوں کے سوا کوئی راستہ نظر نہیں ا?رہا۔ وہ متظفر ا?باد پہنچ نہیں سکتے، راستے بند کر نہیں سکتے، اس لیے لاشیں ہی ان کو حل نظر آ رہا ہے۔

امریکی کچن کیبنٹ کے چند کردار

صدر ٹرمپ ٹجمن یقین یا ہو سے لاکھ خفگی کا اظہار کریں مگر کام تو انھیں امریکی اسٹیبلشمنٹ سے ہی نکلوانا ہے اور سیاست میں بھی مخیّر بااثر لوگوں کے تعاون سے ہی ا?گے بڑھنا ہے۔ اس تناظر میں امریکی فیصلہ سازی پر کون کیسے اور کیوں اثر انداز ہوتا ہے۔ اس

وسعت اللہ خان

موضوع پر بھی بیسیوں بار کام ہو چکا ہے۔ لہذا ا?ج ہم صرف ''کچن کیبنٹ اور انر سرکل'' کی بات کرتے ہیں۔

چالیس سالہ سٹیفن ملر کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ وہ صیہونیوں سے بھی زیادہ صیہونی ہیں۔ وہ ریپبلیکنز کے اس سرکل کا حصہ ہیں جس کے نزدیک اسرائیل کی سلامتی امریکی سلامتی پر مقدم ہے۔ ٹرمپ کے پہلے دورِ صدارت میں بھی ملر صدارتی مشیر تھے اور دوسرے دور میں وائٹ ہاؤس کے ڈپٹی چیف ا?ف اسٹاف ہیں۔ پہلے دور میں سٹیفن ملر ہی تھے جنھوں نے سات مسلمان ممالک کے شہریوں کے امریکا میں داخلے پر پابندی عائد کر دی مگر عدالت نے کچھ عرصے بعد اس پالیسی کو غیر قانونی قرار دیا۔ یہ ا?ئیڈیا بھی سٹیفن ملر کا ہی تھا کہ میکسیکو کے راستے جو غیر قانونی تارکین وطن امریکا میں داخل ہوں ان کے بچوں کو ایک علیحدہ کیمپ میں رکھا جائے۔

ان تمام زعم پالیسیوں کے سبب کسی اور نے نہیں بلکہ سٹیفن ملر کے چچا ڈیوڈ گلوسر نے ملر کو ایک تارکِ وطن منافق قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر یہی پالیسی امریکا میں ایک صدی پہلے لاگو ہوتی تو سٹیفن ملر کے پردادا امریکی ساحل پر نہیں اتر سکتے تھے۔

جب ملر کے پردادا وولف لیب گلوسر بیلاروس کی ایک غربت زدہ بستی سے فرار ہو کر امریکا پہنچے تو ان کی جیب میں صرف ا?ٹھ ڈالر تھے۔ امریکا نے گلوسر خاندان کو غربت سے نکل کے امیر اور تعلیم یافتہ ہونے کا موقع دیا اور ا?ج ان کے پڑپوتے سٹیفن ملر امریکا کو غیر قانونی تارکین وطن کی ''گندی وبا'' سے پاک کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

ایوانکا ٹرمپ کی سب سے بڑی بیٹی ہیں۔ دو ہزار نو میں انھوں نے جیرارڈ کشنر سے شادی کے لیے مسیحیت ترک کر کے یہودیت اختیار کر لی۔ ٹرمپ کے پہلے دور میں ایوانکا اور جیرارڈ وائٹ ہاؤ?س کی اندرونی سیاست میں سرگرم تھے۔ مگر دوسرے دور میں ایوانکا پس منظر میں ہیں البتہ جیرارڈ کشنر صدارتی مشیر ہیں اور اس حیثیت میں دو دیا بھر میں ریئل اسٹیٹ سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ انھوں نے خلیجی ریاستوں میں بھی کاروباری شراکت داری کی ہوئی ہے۔ حال ہی میں البانیہ میں انھوں نے ریئل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے لیے ایک جزیرہ خریدنے کی کوشش کی مگر مقامی ا?بادی کی مزاحمت کے سبب بیل منڈھے نہ چڑھ سکی۔

کشنر نے بحرین اور متحدہ عرب امارات کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ کشنر ہی تھے جنھوں نے ا?ٹھ کیا پیش کیا کہ غزہ کا ساحل بہت قیمتی ہے۔ یہاں اربوں ڈالر کی تفریحِ گاہیں اور ولاز تعمیر ہو سکتے ہیں۔ کشنر کے اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ سے گہرے تعلقات ہیں اور وہ اس تاثر کی تردید بھی نہیں کرتے۔

ڈیوڈ فریڈمین اسرائیل میں امریکا کے سابق سفیر رہ چکے ہیں۔ انھوں نے بھی معاہدہ براہیمی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ امریکی سفارتخانہ تل ابیب سے یروشلم منتقل کرنے پر صدر ٹرمپ کو ڈیوڈ فریڈمین نے ہی ا?مادہ کیا۔ صدر ٹرمپ نے نہ صرف مقبوضہ گولان کو اسرائیل کا حصہ تسلیم کیا بلکہ متحدہ یروشلم کو اسرائیل کا دائمی دارالحکومت قرار دے کر اوسلو سمجھوتے کی دھجیاں بھی اڑا دیں جس میں مشرقی یروشلم کو مستقبل کی فلسطینی ریاست کا دارالحکومت تسلیم کیا گیا تھا۔

ڈیوڈ فریڈمین اس مطالبے کے پرزور وکیل ہیں کہ مقبوضہ مغربی کنارے کو اسرائیل میں ضم کر لیا جائے اور یہ کہ مغربی کنارے پر قائم اسرائیلی بستیاں ہر طرح سے جائز ہیں۔ ڈیوڈ ان دنوں مشرقِ وسطیٰ سے متعلق ٹرمپ کے مشاورتی پینل کا حصہ ہیں۔

سٹیو وٹکوف اور ٹرمپ کی دوستی چالیس برس پرانی ہے۔ وہ ریئل اسٹیٹ کے کاروبار اور گالف کورس پر ٹرمپ کے ساجھے دار رہے ہیں۔ انھیں داخلی یا خارجہ سیاست کا واجبی سا تجربہ ہے۔ ان کے صاحبزادے زیک وٹکوف اور ٹرمپ کے صاحبزادے ٹرمپ جونیئر کی کرپٹو کرنسی کے کاروبار میں مشترکہ دلچسپی بھی ہے۔ سٹیو وٹکوف صدر ٹرمپ کے مشرقِ وسطیٰ سے متعلق خصوصی مشیر ہیں۔

ول شارف صدر ٹرمپ کے خلاف مقدمات میں بطور وکیل پیش ہوتے رہے۔ ان کا تعلق ایک قدامت پسند یہودی خاندان سے ہے۔ اس وقت وائٹ ہاؤ?س کے اسٹاف سیکریٹری ہیں۔ یعنی صدر کی میز پر جو بھی کاغذ جاتا ہے وہ ول شارپ کی نگاہوں سے ضرور گذرتا ہے۔

ڈیپ فیک: فیک اٹ ڈاؤن ایکٹ

''ڈیپ فیک'' دراصل ایک ایسا مصنوعی عکس، ا?واز یا ویڈیو ہے جو کسی بھی انسان کو وہ سب کچھ کہتے یا کرتے دکھا سکتا ہے جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہو۔ ابتدائی دنوں میں یہ ٹیکنالوجی ہالی ووڈ کی فلموں کا ایک سائنسی شعبدہ، انٹرنیٹ پر ہنسنے ہنسانے کا ایک مزاحیہ کھیل یا محض ایک تکنیکی تجربہ لگتی تھی، لیکن ا?ج یہ انسانی عفت، خاندانی نظام، ملکی سیاست کے خلاف ایک خاموش، پوشیدہ اور مہلک ترین ایٹم بم بن چکی ہے۔

ڈیپ فیک اب سیاسی پروپیگنڈے کا سب سے بڑا ہتھیار، مالیاتی فراڈ کا ایک نیٹ ورک اور بین الاقوامی کاروباری جاسوسی کا ایک خودکار نظام بن چکا ہے۔ سال 2024 میں ہانگ کانگ کے ایک نامور مالیاتی ادارے کے ملازم کو ایک ا?ن لائن ویڈیو کانفرنس کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔ اس کانفرنس میں اس کے سامنے اسکرین پر موجود کمپنی کے چیف فنانشل ا?فیسر اور دیگر اعلیٰ حکام کوئی عام انسان نہیں، بلکہ اے ا?ئی کے تیار کردہ ڈیپ فیک کردار تھے، جن کی ا?واز اور چہرے کے تاثرات بالکل اصل تھے۔ اس ملازم نے اپنے ہی افسران کے حکم پر 25 ملین ڈالر (اربوں روپے) ایک جعلی اکاؤنٹ میں منتقل کر دیے۔

معروف عالمی مشاورتی ادارے ''ڈیلوئٹ'' کی حالیہ رپورٹ کے مطابق، جنریٹو اے ا?ئی کے ذریعے ہونے والے اس قسم کے معاشی جرائم اور نقصانات کی شرح صرف امریکا میں 2023 کے 12.3 ارب ڈالر سے بڑھ کے 2027 تک 40 ارب ڈالر سالانہ تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ یہ محض مغرب کی کہانی یا کسی دور دراز ملک کا فسانہ نہیں ہے۔ ہمارے اپنے معاشرے میں، جہاں اخلاقی اقدار پہلے ہی روبہ زوال ہیں، ہر گلی، ہر محلے، ہر یونیورسٹی، ہر دفتر اور ہر سیاسی دھڑے میں یہ جدید ہتھیار کسی کی بھی عزت، روزگار، رشتہ، ووٹ اور زندگی کو چند منٹوں میں ملیامیٹ کرنے کے لیے استعمال ہو رہا ہے۔

کل تک اس جدید سرمایہ دارانہ نظام کا نعرہ یہ تھا کہ جو شخص سوشل میڈیا پر موجود نہیں، وہ گویا دنیا کی دوڑ سے کٹا ہوا ہے، لیکن ا?ج کا سب سے بڑا اور بھیانک سچ یہ ہے کہ جو شخص سوشل میڈیا پر جتنا زیادہ نمایاں ہے، وہ دنیا کے سب سے بڑے ڈیجیٹل بازار میں اپنی شناخت، اپنا چہرہ، اپنی ا?واز اور اپنی نجی زندگی کو نمائش کے لیے رکھ چکا ہے۔ ا?نے والے دور فتن میں ڈیپ فیک کے اس سیلاب سے صرف وہی انسان محفوظ رہ پائے گا، جس کی زندگی اور جس کا وجود سوشل میڈیا کے اس لامتناہی سراب سے جتنا کم وابستہ یا غائب ہوگا۔ جس شخص کی ہر روز وہ تصاویر، بیس ویڈیوز، ہر نجی تقریب کی لوکیشن، ہر سفر کی لائیو اپڈیٹ، بچوں کے اسکول کی تفصیلات اور گھر کے اندرونی حصوں کا منظر ا?ن لائن دنیا کی زینت بن رہا ہے، اس نے نادانستہ طور پر اپنے ہی خلاف استعمال ہونے والے ہتھیار کا خام مال خود فراہم کر دیا ہے۔

آج کا ڈیجیٹل چور آپ کے گھر کے تالے توڑنے نہیں ا?تا، ہم خود اپنے ہاتھوں سے اپنے تالے کی، ناوٹ، چابی کا سانچہ اور گھر کا پورا نقشہ اس کے حوالے کر رہے ہیں۔ یہ زمانہ ''بلائنڈ شیئرنگ'' کا نہیں، بلکہ انتہائی گہری ''ڈیجیٹل پرہیزگاری'' کا ہے۔ اب آپ کے بولے ہوئے الفاظ کا ایک چھوٹا سا ا?ڈیونٹ بھی ڈیٹا ہے، جو کل کو آپ کے خلاف ایک ایسی گواہی بن کر کھڑا ہو سکتا ہے جس کا دفاع ا?پ کی آنے والی نسلیں بھی نہیں کر پائیں گی۔ ہم ا?ج 2026ء کے اس موڑ پر کھڑے ہیں جہاں جنریٹو اے ا?ئی ہر سیکنڈ میں خود کو تبدیل کر رہی ہے، وہاں 2016ء کا ایک قدیم اور فرسودہ قانون اس ہائی ٹیک دنیا کے مجرموں کا مقابلہ کیسے کر سکتا ہے؟ ہمارے ملک کو آج ایک ایسے جامع، تیز رفتار اور خالصتاً متاثرہ فرد کی رازداری پر مبنی ''ٹیک ڈاؤن'' نظام کی ضرورت ہے، جہاں شکایت درج ہوتے ہی بغیر کسی بیورو کریٹک لیت و لعل کے، چند گھنٹوں میں مواد بلاک ہو، مجرم کا سراغ لگایا جائے اور جھوٹی شکایات کا تدارک بھی ممکن ہو سکے۔

مستقبل کے ٹی وی چینلز اور نیوز روم کیسے ہوں گے؟

جب میں صحافت کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد ایک ٹی وی چینل میں ملازمت کے لیے گیا تو میرے لیے یہ منظر ہی الگ تھا۔ اس وقت منظر کچھ یوں ہوتا تھا کہ ایک طرف نیوز روم میں کچھ رپورٹرز، کمپیوٹر اسکرینوں پر

ڈاکٹر نوید اقبال انصاری

جھکے ہوئے تھے، دوسری طرف پروڈیوسرز ہیڈ فون لگائے مسلسل ہدایات دے رہے ہوتے تھے۔

کنٹرول روم میں بٹنوں کی قطاریں، بڑی بڑی اسکرینیں، روشنیوں کی چمک، کیمروں کے پیچھے کھڑے ا?پریٹر، مائیک سنبھالتے ساؤنڈ انجینئر، گرافکس تیار کرتے ڈیزائنر اور اسٹوڈیو میں خبریں پڑھتا نیوز کاسٹر۔ ایک گھنٹے کا بلیٹن ٹھرکرنے کے لیے بعض اوقات بیس سے تیس افراد بیک وقت کام کر رہے ہوتے تھے، لیکن اب لگتا ہے کہ بہت جلد یہ سب کچھ بدل جائے گا۔ اب ہمارے سامنے سوال یہ ہے کہ مصنوعی ذہانت جو ایک سادہ سے کیلکولیٹر سے شروع ہوئی تھی۔ ا?ج ''اے ا?ئی'' کے نام سے اپنے عروج پر ہے اور دنیا میں ایک انقلاب برپا کر چکی ہے، اس کے نتیجے میں کسی ٹی وی چینل اور اس کے نیوز روم کا بھی، کیا دس برس بعد بھی یہی منظر ہوگا؟

اس سوال کا جواب اب صرف قیاس نہیں، بلکہ ٹیکنالوجی کی موجودہ رفتار کو دیکھتے ہوئے ایک واضح امکان بنتا جا رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI) نے میڈیا انڈسٹری کو اس موڑ پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ٹیلی ویژن کی پوری معیشت بدل سکتی ہے۔ اب تک دنیا کے جدید ترین نیوز اسٹوڈیوز پر کروڑوں نہیں بلکہ اربوں روپے خرچ ہوتے رہے ہیں۔ بڑے عالمی اداروں کے اسٹوڈیوز میں ویژن LED ویڈیو وال، روبوٹک کیمرے، خودکار لائٹنگ، جدید براڈکاسٹ کنٹرول روم اور پیچیدہ گرافکس سسٹم نصب ہوتے ہیں۔ پاکستان میں بھی بڑے نیوز چینلز اپنے مرکزی اسٹوڈیوز پر کروڑوں روپے خرچ کرتے ہیں، جب کہ پورے براڈکاسٹ انفرااسٹرکچر کی لاگت کئی مرتبہ سو کروڑ روپے سے تجاوز کر جاتی ہے مگر AI ایک ایسا انقلاب لا رہا ہے جو شاید اس پوری سرمایہ کاری کی تعریف بدل دے۔

آج اگر کسی چینل کو ایک جدید اسٹوڈیو بنانے کے لیے دس، بیس یا تیس کروڑ روپے درکار ہیں تو مستقبل میں ایک طاقتور کمپیوٹر، ایک معیاری کیمرہ، چند لائٹس اور AI سافٹ ویئر کی مدد سے اسی معیار کا ورچوئل اسٹوڈیو نسبتاً بہت کم لاگت میں تیار کیا جا سکے گا۔ گرین اسکرین LED وال کے سامنے کھڑا ایک شخص چند سیکنڈ میں کبھی لندن، کبھی نیویارک اور کبھی کسی خلائی اسٹیشن جیسے پس منظر میں نظر آ سکے گا۔

اصل تبدیلی صرف اسٹوڈیو کی نہیں، انسان کی بھی متوقع ہے۔ آج ایک بڑے نیوز چینل میں سیکڑوں افراد کام کرتے ہیں۔ رپورٹر، پروڈیوسر، نیوز رائٹر، ویڈیو ایڈیٹر، گرافکس ڈیزائنر، کیمرہ مین، ساؤنڈ انجینئر، ٹیلی پرومپٹر ا?پریٹر، سوشل میڈیا ٹیم، IT ماہرین، مارکیٹنگ اور انتظامی عملہ۔ یہ ایک ایسی مشین ہے جس کا ہر پرزہ ضروری سمجھا جاتا ہے مگر AI اس مشین کے کئی پرزوں کو بدل رہا ہے۔ ا?ج جو کام وِ ڈیو ایڈیٹر کرتے ہیں، کل وہ ایک یا دو افراد AI کی مدد سے کر سکیں گے۔

سب ٹاسکل خود بن جائیں گے، ا?واز خود صاف ہوگی، رنگ خود درست ہوں گے۔ گرافکس چند سیکنڈ میں تیار ہوں گے۔ خبر کا ابتدائی مسودہ AI لکھ دے گا۔ مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی فوری ہوگا۔ یہاں تک کہ خبر پڑھنے والا اینکر بھی مصنوعی ہو سکتا ہے۔ چین، جنوبی کوریا اور کئی دوسرے ممالک میں AI نیوز اینکر پہلے ہی تجرباتی یا محدود پیمانے پر استعمال ہو رہے ہیں۔

چہار زنداں

کیا انسان واقعی آزاد ہے؟ یا ہر جہم سب ایسی ان دیکھی زنجیروں اور قید خانوں میں جکڑے ہوئے ہیں جنھیں ہم پہچانتے نہیں۔ یہ ایک چونکا دینے والا ایسا سوال ہے جو صدیوں سے فلسفے اور عمرانیات کے مفکرین کے ذہنوں پر چھایا رہا ہے۔ دنیا کا ہر شخص یہی سمجھتا ہے کہ وہ اپنے فیصلے خود کر رہا ہے۔ کیا حقیقی آزادی حاصل کی جا سکتی ہے۔

زمر دنقوی

آج ہم نامور مفکر ڈاکٹر علی شریعتی کی شہرہ آفاق کتاب کے بارے میں جانکاری حاصل کریں گے۔ چہار زندان۔ یعنی انسان کے چار قید خانے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ایک تمثیل شریعتی اپنی کتاب میں پیش کرتے ہیں۔ فرض کریں ایک پرندہ بڑی جدوجہد کے بعد اپنے پنجرے کا دروازہ کھول لیتا ہے۔ بڑی خوشی سے باہر نکلتا ہے لیکن باہر آ کر اس کو احساس ہوتا ہے کہ وہ جس کمرے میں ہے اس کا دروازہ تو بند ہے۔ یعنی ایک اور قید۔ پھر وہ کسی طرح اس کمرے کی کھڑکی توڑ کر نکلتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ پوری عمارت ہی باہر سے مقفل ہے۔ کیا انسانی آزادی کا معاملہ ایسا ہی کچھ نہیں ہے۔ ایک قید سے نکلتے ہیں تو خود کو ایک اور بڑی قید میں پاتے ہیں۔ یہاں پر ایک بنیادی سوال کھڑا ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ اس قید خانے میں اصل میں قید کون ہے؟ اور یہاں سے کتاب ایک بہت ہی چونکا دینے والا فرق بیان کرتی ہے۔ جو بشر اور انسان کے درمیان ہے۔ عام بول چال میں ہم بشر اور انسان کو ایک ہی معنے میں استعمال کرتے ہیں۔

فلسفیانہ اعتبار سے اصل میں فرق کیا۔ کتاب کے مطابق بشر سے مراد حیاتیاتی اور طبعی وجود ہے۔ وہ مادی وجود جو بالکل جانوروں کی سطح پر کام کرتا ہے۔ جو پیدا ہوتا ہے۔ جس کی کچھ بنیادی جبلتیں ہیں۔ یعنی بھوک، پیاس، نیند۔ جو کھاتا پیتا ہے افزائش نسل کرتا ہے اور بالآخر مر جاتا ہے۔ افسوس صد افسوس۔ یہ وجود پوری طرح حیاتیاتی تقاضوں کا غلام ہے۔ لیکن دوسری طرف انسان ایک ارتقائی اور باشعور بامقصد ہستی کا نام ہے۔ یعنی شریعتی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہر بشر انسان نہیں ہوتا۔ جی ہاں بشر سے انسان بننے کا ایک طویل اور کٹھن سفر ہے۔ جو مسلسل شعور اور جدوجہد سے طے ہوتا ہے۔ گویا ہم سب دنیا میں بشر کے طور پر وارد تو ہوتے ہیں لیکن انسان بننا ایک شعوری انتخاب ہے۔ ایک منزل ہے جسے حاصل کرنا پڑتا ہے۔

کتاب میں ان تین الہامی صفات کا تفصیلی ذکر ہے۔ جو انسان کو ایک ممتاز حیثیت عطا کرتا ہے۔ وہ تین عظیم صفات خود آگہی، ارادہ آزاد اور صلاحیت تخلیق ہے۔ اگر ہم پہلی صفت خود آگاہی کی بات کریں تو اس کا مطلب ہے اپنے وجود اپنی خامیوں، خوبیوں اور اس کائنات کا وسیع شعور۔ خود آگاہی کا مطلب یہ ہوا کہ ہم صرف زندہ نہیں ہیں بلکہ ہم جانتے ہیں کہ ہم زندہ ہیں۔ اور یہ ایک بہت بڑا فرق ہے۔ دوسری صفت جو ہے وہ ارادہ آزاد۔ اس سے مراد اپنی جبلت کے خلاف فیصلہ کرنے کی طاقت ہے۔ انسان وہ واحد معلوم مخلوق ہے جو اپنی طبعی جبلت کے خلاف فیصلہ کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک بھوکا سامنے پڑی خوراک کو کھانے سے خود کو نہیں روک سکتا۔ کیونکہ وہ تو جبلت کا غلام ہے۔ لیکن ایک انسان اپنی بھوک کے باوجود اپنا کھانا کسی اور کو دے سکتا ہے۔ یا کسی نظریے کی خاطر کئی دن تک فاقہ کر سکتا ہے۔

تیسری سب سے اہم صفت ہے صلاحیت تخلیق۔ جو چیزیں یا حالات قدرت نے بظاہر فراہم نہیں کیے انسان اپنے علم و ہنر سے انھیں خود وجود میں لا سکتا ہے۔ جی بالکل یعنی شہر بنانا۔ آرٹ سائنس یہ سب تخلیق ہی تو ہیں۔ یہاں اس نکتے پر ایک ایسی الجھن ہے کہ اگر انسان کے پاس انتخاب کی اتنی زبردست آزادی ہے اور نئی چیزیں تخلیق کرنے کی اتنی غیر معمولی طاقت موجود ہے تو پھر تاریخ میں جبریت کا فلسفہ اتنا مقبول کیوں رہا ہے۔ یہ ایک بہت اہم سوال ہے۔

مریم نواز کا طرز حکمرانی دنیا میں ان کی پہچان بنا

کسی بھی حکمران کا طرز حکمرانی ہی بتاتا ہے کہ وہ اپنے عوام کے مسائل کے حل کے لیے کتنا سنجیدہ ہے۔ عوام کے مسائل کے نام پہ زبانی جمع خرچ والی تقریریں کرنے اور حقیقی ریلیف دینے

عظمیٰ بخاری

میں بہت فرق ہوتا ہے 2018 سے 2022 تک پنجاب کے ہر طبقے کے ساتھ جو ناانصافی کی گئی اس کا ازالہ مریم نواز کر رہی ہیں۔ مریم نواز کی حکومت کو دو سال اور چار ماہ ہو چکے ہیں، اس دوران پنجاب میں کوئی بھی ایسا طبقہ یا ایسا شعبہ نہیں جس میں مریم نواز نے ریلیف نہ دیا ہو۔ پنجاب کے وسائل پر سب سے پہلا حق پنجاب کے عوام کا ہے یہ وسائل پنجاب کے عوام کی امانت ہیں۔ پنجاب میں زراعت سب سے بڑا اور اہم ترین شعبہ ہے، پنجاب کی زراعت سے پورا پاکستان مستفید ہوتا ہے۔

زراعت کے شعبے میں گزشتہ دو سالوں میں جو انقلابی اقدامات کیے گئے ہیں وہ ماضی میں نہیں اٹھائے گئے۔ پنجاب کا کسان اس بات کی خود گواہی دیتا ہے کہ مریم نواز نے ہمیں عزت دی نعمت ہے اس کا اندازہ صرف ایک کسان ہی لگا سکتا ہے۔ اس وقت پنجاب میں 30 ہزار گرین ٹریکٹر چل رہے ہیں جس سے ہزاروں کاشتکار اپنی فصل کی پیداوار بڑھانے میں مصروف عمل ہیں۔ اس پروگرام کے اگلے مرحلے میں 20 ہزار گرین ٹریکٹر قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ مریم نواز کی حکومت نے ہی 9 لاکھ کسان کارڈ تقسیم کیے جب کہ اگلے ماہ تک 10 لاکھ کا ہدف طے کر دیا گیا ہے۔۔ کاشت کاروں میں 8 ہزار ٹیوب ویل کی سولرائزیشن کا پروگرام متعارف کروایا اور 5 ہزار سپر سیڈر بھی تقسیم کیے۔ پنجاب میں ایگری کلچر مال کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جہاں ایک ہی چھت تلے کاشت کاروں کو تمام سہولیات دستیاب ہیں۔ یہ ایگریکلچر مال فیصل ا?باد، جھنگ، اوکاڑہ اور خانیوال میں قائم کیے گئے ہیں۔

اسی لیے ا?ج پنجاب میں گندم کی پیداوار میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ اب چاول کا سیزن ہے تو یقینی طور پر چاول کی پیداوار میں بڑا اضافہ ہوگا۔ مریم نواز کا پنجاب کے عوام کے لیے دوسرا بڑا انقلابی اقدامات گرین الیکٹرک بسوں کی فراہمی ہے۔ اس گرمی کے موسم میں اے سی اور وائی فائی والی لگژری سفری سہولت کو پنجاب کا عام ا?دمی پرسکون انداز میں استعمال کر رہا ہوں۔ اس وقت پنجاب کے تمام اضلاع میں 1100 سے زائد الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں۔ جن سے روزانہ لاکھوں افراد جدید اور معیاری سفری سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ مریم نواز نے اعلان کیا ہے پنجاب کے 14 تحصیلوں میں الیکٹرک بسیں پہنچائی جائیں گی۔ پانچ سال میں پانچ ہزار الیکٹرک بسیں پورے پنجاب میں چلتی نظر ا?ئیں گی۔ مجموعی طور پر 91 تحصیلوں میں 1500 الیکٹرک بسیں تقسیم کی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب کے طلبہ و طالبات کو مریم نواز نے اپنی حکومت کے پہلے سال 2178 الیکٹرک بائیکس تقسیم کیں۔ الیکٹرک بائیکس بلا تفریق پنجاب کے چھوٹے بڑے اضلاع میں طلبہ کو تقسیم کی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے ہر منصوبے میں جنوب

نمبر 1

میں دہشت گردوں کی بالکل نیکیوں کو نورسنی بہادری، پیشہ ورانہ مہارت، عزم مصمم، اور غیر متزلزل ایمان کا ثبوت دے رہے ہیں، جبکہ اس سب کا انجام محض سیاسی اداروں پر عائد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ پوری قوم اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کا مظاہرہ کرے کہ پوری قوم سازش کا شکار بنا دیا جائے تو زیر ہی ملک کے سب کا پلہ پاکستان میں چلتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ایک ہوا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن عمل کیا، جس سے ثابت ہوگیا کہ ریاست اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے کتنی سنجیدہ ہے اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں پولیس کے افسران اور جوانوں کی بیداری کی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دہشت گردوں کا خاتمہ کرنے کا عزم کر رکھا ہے، جس سے ثابت ہوگیا کہ ریاست اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے کتنی سنجیدہ ہے اور عوام کے جان و مال کی حفاظت ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان کا مضبوط قلعہ ہے اور یہاں ریاستی رٹ و پختہ رکھنے والوں، ریاست کے خلاف سازشیں کرنے والوں اور قانون کو للکارنے والوں کا انجام صرف شکست و گرفتاری ہی ہوا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں اور ان کے ہمدردوں کو ہر ادارہ اپنی ذمہ داری کے ساتھ ادا کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف ہر ادارہ اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں ملک میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردو